Shabbir / Fazil

14-03-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- حکومت نے کہا ہے کہ سبھی ریفائنریز اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں اور ملک میں وافر اضافی خام تیل موجود ہے۔

2- امریکہ نے ایران میں خارک کے مقام پر بڑے پیمانے پر بمباری کی ہے۔ اُس نے جزیرے پر ہر ایک فوجی ٹھکانے کو پوری طرح تباہ کردینے کا دعویٰ کیا ہے۔

3 - وزیراعظم نریندر مودی آج آسام کے شہر سلچر میں 23 ہزار 550 کروڑ روپے کی لاگت والے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

4- اپوزیشن ارکان نے اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار کو ہٹانے سے متعلق نوٹس پارلیمنٹ میں پیش کیا ہے۔

5- شطرنج میں مایانک چکربورتی، بھارت کے 94ویں اور شمال مشرقی خطے کے پہلے گرینڈ ماسٹر بن گئے ہیں۔

6- اور خواتین کی بھارتی ہاکی ٹیم حیدرآباد میں کھیلے گئے، کوالیفائر 2026 میں اٹلی کو ایک۔صفر سے ہراکر FIH عالمی کپ کے فائنل میں داخل ہوگئی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Govt.Briefing West Asia

بھارت نے، ایران سے، مغربی ایشیا میں تازہ صورتحال کے دوران، توانائی اور اشیا کو بلارکاوٹ گزارنے کی اہمیت ظاہر کی ہے۔ مغربی ایشیا میں حالیہ واقعات پر بین وزارتی بیان کے دوران وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے، جمعرات کو، ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پیزشکیان سے بات چیت کی اور ایران سمیت، خطے میں بھارتی باشندوں کی حفاظت اور سلامتی سے متعلق بھارت کی ترجیح پر زور دیا۔ ترجمان نے بھی، بھارت کے مستقل موقف کو دوہرایا کہ سبھی معاملات، مذاکرات اور سفارت کے ذریعے حل کیے جائیں۔

S/B Randhir Jaiswal

بندرگاہوں، جہازرانی اور آبی گزرگاہوں کے خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے بتایا کہ آبنائے ہرمز کے مغرب میں 24 بھارتی جہاز ہیں۔ انھوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کے مشرق میں تین بحری جہاز موجود ہیں۔

پورے بھارت میں بندرگاہوں کی مجموعی کارکردگی مستحکم ہے۔ سبھی بڑی بندرگاہوں اور ریاستی بحری بورڈز کیلئے کام کاج کے ضابطے جاری کردیے گئے ہیں، تاکہ جہازوں اور برآمد کاروں کو، متعلقہ فریقوں کے تعاون کے ساتھ گزرنے میں سہولت فراہم ہو اور اگر انھیں کوئی پریشانی ہے تو اُس کا ازالہ جلد سے جلد کیا جائے۔ حکومت، بھارتی جہازوں کی حفاظت اور بہبود، نیز بھارت کے بحری مفادات کی حفاظت کو یقینی بنانے کی پوری طرح پابند ہے۔

پیٹرولیم و قدرتی گیس کی وزارت کی جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے کہا کہ بھارت، پیٹرول و ڈیزل کی پیداوار میں خودکفیل ہے۔

انھوں نے کہا کہ سبھی ریفائنریز اپنی سو فیصد صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ حکومت، گاڑیوں کیلئے گھریلو PNG اور CNG کی بلارکاوٹ سپلائی کو یقینی بنا رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ PNG کے صارفین کی تعداد ڈیڑھ کروڑ ہے، اور ان سبھی کے لئے سپلائی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

سبھی خوردہ ڈیلروں کو بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ایندھن فراہم کرتے ہوئے، رہنما خطوط پر سختی سے عمل کریں اور کسی بھی طرح کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی جائے گی۔x

S/B Sujata Sharma

US Iran

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کی خواہش تھی کہ وہ پورے مغربی ایشیا پر غلبہ حاصل کرے اور اسرائیل کو تباہ کرے۔ انھوں نے دعوی کیا کہ اب یہ منصوبے ناکام ہوگئے ہیں۔ ٹرتھ سوشل پر ایک پوسٹ میں انھوں نے کہا کہ خود ایران کی طرح اُس کے منصوبے بھی ناکام ہوگئے۔

اِس سے پہلے جناب ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ کی وسطی کمان نے ایران میں، 'خارک' کے فوجی نشانوں پر بڑے پیمانے پر بمباری کی۔ انھوں نے دعوی کیا کہ اِس کارروائی سے جزیرے پر موجود ہر فوجی ٹھکانہ پوری طرح تہس نہس ہوگیا ہے

ایک رپورٹ

V/C Jigyasa

*صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ یہ حملے اُن کے احکامات پر کیے گئے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ یہ خطے کی تاریخ میں سب سے زیادہ طاقتور بمباری تھی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ امریکہ نے جزیرے کے تیل کے بنیادی ڈھانچے پر حملہ کرنے سے خاص طور پر گریز کیا۔ انھوں نے کہا کہ امریکی ہتھیار سب سے زیادہ طاقتور اور حساس*

ہوتے ہیں، جن کے بارے میں دنیا جانتی ہے، لیکن شرافت کی وجہ سے انھوں نے اِس جزیرے پر تیل کے بنیادی ڈھانچے کا صفایا نہیں کیا۔ امریکہ کے صدر نے اس بات کے لئے بھی خبردار کیا کہ اگر آبنائے ہرمز میں رخنہ اندازی جاری رہی تو اِس فیصلے میں تبدیلی آ سکتی ہے۔

اسی دوران ایران، اسرائیل اور اُس کے پڑوسی خلیجی ملکوں پر میزائل اور ڈرون حملے جاری رکھے ہوئے ہے۔

اُس نے آبنائے ہرمز کو پوری طرح بند کردیا ہے، جس کے ذریعے دنیا کے تجارتی تیل کا پانچواں حصہ گزارا جاتا ہے۔

جگیاسا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....

PM Assam Visit

وزیراعظم نریندر مودی آج آسام میں سلچر کا دورہ کریں گے وہ یہاں 23 ہزار 550 کروڑ روپے کی لاگت والے مختلف پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Saswati Bhattacharjee

وزیراعظم آج سلچر میں امِکا پور کے مقام پر تین پروجیکٹوں کا بھومی پوجن کریں گے۔ یہ پروجیکٹس ہیں: سلچر تیز رفتار راہداری، جس پر 22 ہزار 864 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔ سلچر ٹاؤن، فلائی اَوور، جس پر 565 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی اور تیتھر کانڈی زراعتی کالج، جس پر 122 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔

وزیراعظم کے دورے کے بعد وزیراعلیٰ ڈاکٹر ہیمنت بسوا سرما، سری کونا میں براک کے لوگوں کے لئے چھوٹے سکریٹریٹ کی عمارت کا افتتاح کریں گے۔ اِس کے بعد وزیراعلیٰ، دَرگا کونا میں میٹھا پانی کے مقام پر آسام کے، سرکاری شہری اور ہاؤسنگ محکمے کے کنوینشن سینٹر کا افتتاح کریں گے۔

سلچر سے Saswati بھٹاچارجی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....

وزیراعظم نریندر مودی نے کل آسام میں اپنے دورے کے پہلے دن، ایک بار پھر کہا کہ BJP کی قیادت والی NDA حکومت، کسانوں کی بہبود کے لئے وقف ہے اور وہ اُن کی آمدنی میں اضافے، نیز ملک کے زرعی شعبے کو جدید بنانے کو ترجیح دے رہی ہے۔

ملک کے 9 کروڑ32 لاکھ سے زیادہ کسانوں کو، پی۔ایم کسان اسکیم کی 22 ویں قسط جاری کرنے کے بعد گوہاٹی میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ پچھلے گیارہ سال میں BJP کی قیادت والی NDA حکومت نے، کسانوں کی آمدنی میں اضافے کیلئے بہت سے اقدام کیے ہیں۔ انھوں نے خاص طور پر کہا

کہ NDA حکومت کے تحت آسام، دیگر شمال مشرقی ریاستوں کے لئے ایک مثال قائم کر رہا ہے۔

اِس موقع پر وزیراعظم نے بھومی پوجن کی رسم ادا کی اور تقریباً 19 ہزار 680 کروڑ روپے کے بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کو ملک کے نام وقف کیا۔ انھوں نے آئل انڈیا لمیٹڈ کی، نُمالی گڑھ- سلی گڑی پروڈکٹ پائپ لائن کی صلاحیت میں اضافے کے پروجیکٹ کو بھی ملک کے نام وقف کیا۔

بعد میں دن میں وزیراعظم کولکتہ جائیں گے وہ تقریباً 18 ہزار 680 کروڑ روپے کی لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

وزیراعظم BJP کی طرف سے منعقدہ ایک سیاسی ریلی سے بھی خطاب کریں گے۔

Punjab Shah Rally

وزیر داخلہ امت شاہ آج پنجاب کے موگا ضلع میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ بدلاؤ ریلی کے نام سے منعقد ہونے والی اس ریلی کو سرحدی ریاست پنجاب میں اگلے سال ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے BJP کی سیاسی مہم کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ توقع ہے کہ وہ آج سہ پہر ریلی سے خطاب کرنے کیلئے Killi Chahlan گاؤں پہنچیں گے۔ ریلویز کے مرکزی وزیر مملکت Ravneet Singh Bittu اور BJP کی سینئر ریاستی قیادت ریلی میں موجود ہوگی۔ اُن کے دورے کے پیش نظر سکیورٹی کے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔×

Parliament CEC

ترنمول کانگریس سمیت اپوزیشن کے ارکانِ پارلیمنٹ نے، گیانیش کمار کو اعلیٰ انتخابی کمشنر کے عہدے سے ہٹانے کیلئے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں تحریک لانے کی خاطر نوٹس دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے سکریٹریٹ نوٹس کی کیفیت اور طریقۂ کار کا جائزہ لیں گے۔

اس پر اپنا ردّعمل ظاہر کرتے ہوئے مرکزی وزیر ایس-پی سنگھ بگھیل نے کہا کہ TMC کی جانب سے دیے گئے نوٹس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُنہیں آئینی اداروں اور جمہوریت پر اعتماد نہیں ہے۔ نئی دلّی میں، نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے اپوزیشن پر آئینی اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کا الزام بھی لگایا۔

S/B - S P Singh Baghel

دوسری جانب TMC کے رکنِ پارلیمنٹ Saugata Roy نے کہا کہ اُن کی پارٹی کی جانب سے دیا گیا نوٹس قانون کے عین مطابق ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی کی مہم کے دوران متعدد ووٹروں کے نام، ووٹر فہرست سے خارج کر دیے گئے ہیں، جو کہ مناسب نہیں ہے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev.WB-SIR Supplementary List

سپریم کی ہدایت کے مطابق مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی SIR کے تحت پہلی ضمنی ووٹر فہرست اگلے ہفتے جاری ہونے کا امکان ہے۔ چناوٴ کمیشن کے ذرائع کے مطابق ابتدائی فہرست میں 60 لاکھ سے زیادہ ناموں کا جائزہ لیا جا رہا تھا، جن میں سے تقریباً 15 لاکھ معاملات پہلے ہی حل کیے جا چکے ہیں۔ جن لوگوں کے نام ضمنی فہرست میں شامل نہیں ہیں، اُن کے معاملات کی سماعت سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق قائم ٹرائبونل میں کی جائے گی۔ اِن ٹرائبونل کے قیام کا عمل شروع ہو چکا ہے اور اگلے ہفت کے آخر تک اس میں کام کاج شروع ہو جانے کا امکان ہے۔ ×

Goyal NXT Summit

تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت، سرمایہ کاری، مینوفیکچرنگ اور عالمی بازاروں تک رسائی حاصل کرنے کیلئے تیزی سے ایک پُر کشش مقام بنتا جا رہا ہے۔ NXT سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے اس بات پر زور دیا کہ پچھلے برسوں میں بھارت کی جانب سے کیے گئے آزاد تجارتی معاہدے، سرمایہ کاری کے نئے مواقع فراہم کر رہے ہیں، مینوفیکچرنگ کے امکانات کو بڑھا رہے ہیں اور جدّت طرازی پر مبنی ترقی کو فروغ دے رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کاروبار کرنے میں آسانی کو مزید بہتر بنانے کیلئے مسلسل اقدامات کر رہی ہے، جن میں ضابطوں کی تعمیل کے بوجھ کو کم کرنے اور بعض امور کو جرم کے دائرے سے نکالنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔

Navratri Special Train

مسافروں کی کثیر تعداد کے پیش نظر یاتریوں کو سہولت فراہم کرنے کیلئے شمالی ریلوے جموں ریلوے ڈویژن نے نئی دلّی سے شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ اسٹیشن کے درمیان چلنے والی خصوصی ریزرو ٹرین نمبر :

صفر چار صفر آٹھ ایک / صفر چار صفر آٹھ دو

کی مدّت میں توسیع کر دی ہے۔ یہ فیصلہ مسافروں کی کثیر تعداد کے پیش نظر لیا گیا ہے۔ توقع ہے کہ Chaitra Navratri کے مبارک موقعے پر بڑی تعداد میں عقیدتمند شری ماتا ویشنو دیوی کے درشن کیلئے جائیں گے۔×

Rev.Ches GM Assam

بھارت نے شطرنج میں تاریخ رقم کی ہے کیونکہ آسام نے اب تک کا پہلا شطرنج گرینڈ ماسٹر حاصل کیا ہے۔ بین الاقوامی ماسٹر Mayank Chakaraborty سویڈن میں فائنل معیار حاصل کرنے کے بعد بھارت کے 94 ویں گرینڈ ماسٹر بن گئے ہیں۔ 16 سالہ بین الاقوامی ماسٹر Mayank Chakaraborty نے کل شمالی سویڈن کے ہوٹل Stockholmo میں کھیلے گئے 8 ویں GM ٹورنامنٹ میں باقاعدہ طور پر اپنا فائنل گرینڈ ماسٹر معیار حاصل کر لیا۔ اپنی اچھی کارکردگی کے سبب Mayank میچ میں چھائے رہے اور 9 میں سے 7 پوائنٹ حاصل کر کے پہلے نمبر پر رہے۔ اس کامیابی کے ساتھ Mayank آسام اور شمال مشرقی خطّے کے اب ملک کے پہلے گرینڈ ماسٹر بن گئے ہیں۔x

Women's Hockey Final

خواتین ہاکی میں، حیدرآباد کے GMC بالایوگی ہاکی گراؤنڈ میں کھیلے گئے ایک میچ میں بھارت، اٹلی کو ایک صفر سے ہرا کر FIH ہاکی عالمی کپ کوالیفائرز 2026 کے فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ بھارتی کھلاڑی منیشا چوہان نے میچ کے 40 ویں منٹ میں گول کر کے بھارت کو جیت دلائی۔ سلیمہ Tete کی قیادت میں فائنل میں اب بھارت کا مقابلہ آج شام ساڑھے سات بجے انگلینڈ سے ہوگا۔x

S/B Chirag Jha

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج ہماچل پردیش میں شدید سے بہت شدید گرم ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اسی طرح جھارکھنڈ اور اُڈیشہ کے علاقوں میں بھی آج گرم ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کیرالہ، ماہے، کونکن اور گوا کے علاقوں میں گرم اور حبس والے موسم کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ کے علاقوں میں آج شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا کہ راجستھان، اتراکھنڈ، وِدربھ، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطّے، سکم اور شمال مشرقی ریاستوں میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔x

Yuva Sangam

یُوا سنگم کے چھٹے مرحلے کیلئے رجسٹریشن کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ تعلیم کی وزارت پورے ملک کے نوجوانوں کو، ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے تحت، اِس میں شرکت کے لئے مدعو کر رہی ہے۔ رجسٹریشن کی آخری تاریخ اس مہینے کی اٹھارہ ہے۔ یہ رجسٹریشن .ebsb.aicte-india.org ویب سائٹ پر کرایا جا سکتا ہے۔x

Viksit Bharat Yuva Connect

قومی راجدھانی میں وِکست بھارت یووا کنیکٹ پروگرام میں متعدد تعلیمی اداروں کے ایک ہزار 500 سے زیادہ طلبا نے شرکت کی۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت نے کل کہا کہ بات چیت کے اجلاس میں ملک کی تعمیر میں نوجوانوں کی شراکت داری اور وِکست بھارت 2047@ کے نظریے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ×

Swiss Open Badminton

سُوئس اوپن بیڈمنٹن میں مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں کھلاڑی Tharun Mannepalli کا مقابلہ انڈونیشیا کی Anthony Singsuka Ginting سے ہوگا۔

کل شام مردوں کے ڈبلز مقابلے میں اعلیٰ سِیڈ کے ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی پر مشتمل بھارتی جوڑی، ستوک سائی راج کے کندھے میں چوٹ کے سبب کوارٹر فائنل سے باہر ہوگئی۔×

LS Sitharaman

لوک سبھا نے 26-2025 کے دوسرے مرحلے کے اضافی مطالباتِ زر کی منظوری دے دی ہے۔ اس کے تحت حکومت نے 2 لاکھ 81 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے مجموعی اضافی اخراجات کی منظوری مانگی تھی۔ ان نقد اخراجات کی منظوری، بنیادی طور پر کھاد، خوراک پر سبسڈی اور دفاعی خدمات پر بڑھتے ہوئے اخراجات کو پورا کرنے کیلئے مانگی گئی تھی۔ لوک سبھا نے مالی تصرف بل 2026 کو بھی منظوری دے دی ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ -اسلم

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے ایران کے صدر مسعود پیزشکیان سے ٹیلی فون پر وزیر اعظم نریندر مودی کی بات چیت کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے خطّے کی موجودہ صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔

روزنامہ انقلاب نے وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کے درمیان کئی دور کی بات چیت کی خبر کو اہمیت دی ہے، جس میں بھارت اور ایران کے درمیان پھر سے قربت کے آثار کی بات کہی گئی ہے۔

گیس کی کمی نہیں، صارفین گھبراہٹ میں سلینڈر کی بُکنگ نہ کریں، حکومت کی طرف سے کی گئی اس اپیل کو روزنامہ پرتاپ نے پہلی خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر اعظم مودی کے مغربی بنگال کے دورے کی خبر کو پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔ خبروں کے مطابق وہ آج کولکاتہ میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کریں گے اور 18 ہزار 680 کروڑ روپے کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے راجیہ سبھا میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ریلوے لائنوں کی مرمت کا 80 فیصد کام پورا ہو چکا ہے۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے لوک سبھا میں تصرفی تجویز پر بحث کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ریاستوں کے منریگا بقایاجات کیلئے 30 ہزار کروڑ روپے کا التزام کیا گیا ہے۔ ان خبروں کو روزنامہ پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت نے کہا ہے کہ سبھی ریفائنریز اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں اور ملک میں وافر اضافی خام تیل موجود ہے۔

2- امریکہ نے ایران میں خارک کے مقام پر بڑے پیمانے پر بمباری کی ہے۔ اُس نے جزیرے پر ہر ایک فوجی ٹھکانے کو پوری طرح تباہ کردینے کا دعویٰ کیا ہے۔

3 - وزیراعظم نریندر مودی آج آسام کے شہر سلچر میں 23 ہزار 550 کروڑ روپے کی لاگت والے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

4- اپوزیشن ارکان نے اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار کو ہٹانے سے متعلق نوٹس پارلیمنٹ میں پیش کیا ہے۔

5- شطرنج میں مایانک چکربورتی، بھارت کے 94ویں اور شمال مشرقی خطے کے پہلے گرینڈ ماسٹر بن گئے ہیں۔

6- اور خواتین کی بھارتی ہاکی ٹیم حیدرآباد میں کھیلے گئے، کوالیفائر 2026 میں اٹلی کو ایک۔صفر سے ہراکر FIH عالمی کپ کے فائنل میں داخل ہوگئی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---